**18.07.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

---

1 وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے ماریشش میں بھارت کے پہلے بیرون ملک جن اوشدھی کیندر کا افتتاح کیا اور بھارتی گرانٹ کی مدد سے **Mediclinic** پروجیکٹ کا آغاز بھی کیا۔

2 بنگلہ دیش میں کوٹہ اصلاحات تحریک کی کوآرڈینیشن کمیٹی نے آج مکمل بند کی اپیل کی ہے۔

3 بھارتی بحریہ نے اومان کے ساحل کے نزدیک تیل ٹینکر کے اُلٹ جانے کے بعد 8 بھارتی افراد کو بچالیا ہے۔

4 بھارت کے محکمہ موسمیات نے کرناٹک، گوا، مہاراشٹر اور گجرات کے کچھ حصوں میں آج انتہائی شدید بارش کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5 اور ٹینس میں ...... بھارت کے **Sumit Nagal** کا مقابلہ آج سہ پہر مردوں کے سنگلز میں ارجنٹینا کے **Mariano Navone** سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Jaishankar Mauritius**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کل ماریشس میں بھارت کے پہلے بیرون ملک جَن اوشدھی کیندر کا افتتاح کیا۔ اِس موقعے پر ماریشس کے وزیراعظم **Pravind Kumar Jugnauth** بھی موجود تھے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا ہے کہ یہ اوشدھی کیندر اُس وعدے کی تکمیل ہے، جو وزیراعظم نریندر مودی نے اِس سال کے اوائل میں کیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت-ماریشس صحت ساجھیداری پروجیکٹ کے ذریعے کم لاگت والی بھارت میں بنائی گئی دوائیں فراہم کی جائیں گی تاکہ عوامی حفظان صحت اور تندرستی کو بڑھاوا مل سکے۔

اِس سے قبل ڈاکٹر جے شنکر نے بھارتی گرانٹ کی امداد کے ساتھ **Mediclinic** پروجیکٹ کا آغاز بھی کیا۔

انہوں نے اِسے دونوں ملکوں کی دوستی کی نئی مثال سے تعبیر کیا۔ پروجیکٹ کے افتتاح کے موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ اِس پہل سے **Grand Bois** علاقے میں 16 ہزار لوگوں کو ثانوی حفظان صحت کی سہولت فراہم ہوسکے گی۔**X**

**FS Bhutan**

خارجہ سکریٹری وِکرم مسری کَل سے بھوٹان کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ خارجہ سکریٹری کا عہدہ سنبھالنے کے بعد اُن کا یہ پہلا غیر ملکی دورہ ہوگا۔ اپنے دورے میں جناب مسری بھوٹان کے شاہ سے ملاقات کریں گے۔ وہ بھوٹان کے وزیراعظم، وزیرخارجہ اور غیر ملکی تجارت کے وزیر، بھوٹان کے اپنے ہم منصب اور بھوٹان کی شاہی حکومت کے دیگر سینئر عہدیداران سے بھی ملاقات کریں گے۔ دونوں ملکوں کے خارجہ سکریٹری بھارت- بھوٹان کی ترقی سے متعلق اشتراک پر بات چیت کی مشترکہ طور پر صدارت بھی کریں گے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ یہ دورہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان اعلیٰ سطح کے مسلسل رابطوں کی روایت سے مطابقت رکھتا ہے اور پڑوس مقدم کی حکومت کی اعلیٰ ترین ترجیح کو اُجاگر کرتا ہے۔x

**Bangladesh Shutdown**

بنگلہ دیش میں، کوٹہ اصلاحات تحریک کی کوآرڈینیشن کمیٹی نے کوٹہ نظام میں اصلاحات کی مانگ پر زور دینے اور احتجاج کرنے والے طلبا پر حملوں کے خلاف آج ملک بھر میں پر امن مکمل ہڑتال کی اپیل کی ہے۔ کمیٹی نے اسپتالوں اور دیگر ہنگامی خدمات کو چھوڑکر ملک گیر بند کا اعلان کیا ہے۔ آج صبح ڈھاکہ میں کوٹہ اصلاحات کے لئے احتجاج کرنے والے طلبا اور پولیس کے درمیان تصادموں میں ایک نوجوان شخص کی موت ہوگئی۔ اس کے علاوہ ملک کے مختلف حصوں میں کئی دیگر افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔

حکومت نے نظم ونسق برقرار رکھنے کی غرض سے ملک بھر میں مختلف پولیس ایجنسیوں کے ساتھ ساتھ بارڈر گارڈ بنگلہ دیش کی 229 پلٹنوں کو تعینات کیا ہے۔

اس دوران بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے اُن حالیہ واقعات کی عدالتی تحقیقات کرانے کا اعلان کیا ہے، جس میں جاری تحریک کے دوران چھ افراد کی جانیں گئی ہیں۔ یونیورسٹیوں کے طلبا اور اساتذہ پہلی جولائی سے سرکاری نوکریوں میں کوٹہ اصلاحات کے مطالبے پر زور ڈالنے کیلئے احتجاج کررہے ہیں۔ احتجاج کا سلسلہ پانچ جون 2024 کو ہائیکورٹ کے اُس فیصلے کے بعد شروع ہوا ہے، جس میں سرکاری نوکریوں میں مجاہدین آزادی کے وارثین کے لئے 30 فیصد کوٹہ منسوخ کئے جانے کے حکومت کے2018 کے سرکولر کو غیرقانونی قرار دے دیا گیا ہے۔x

**J&K Doda encounter**

جموں وکشمیر میں آج صبح سویرے ڈوڈہ ضلع کے ایک جنگلاتی گاؤں میں دہشت گردوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں دو فوجی زخمی ہوگئے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ تصادم Kastigarh علاقے کے Jaddan Bata گاؤں میں اُس وقت ہوا جب دہشت گردوں نے ایک عارضی سیکورٹی کیمپ پر فائرنگ کی۔ یہ کیمپ تلاشی کی کارروائیوں کیلئے ایک سرکاری اسکول میں قائم کیا گیا تھا۔ حفاظتی دستوں نے جوابی فائرنگ کی اور دونوں طرف سے فائرنگ کا سلسلہ ایک گھنٹے سے زیادہ دیر تک جاری رہا، جس کے دوران دو فوجی معمولی طور پر زخمی ہوگئے۔ پیر اور منگل کی درمیانی شب کو ایک دہشت گردانہ حملے میں ایک کیپٹن سمیت فوج کے چار اہلکاروں کی ہلاکت کے بعد Dessa اور اطراف کے جنگلاتی علاقے میں بڑے پیمانے پر تلاشی کی کارروائی شروع کی گئی ہے۔x

**Oman Oil Tenker**

اومان کی بحری سلامتی سے متعلق مرکز تلاش کارروائیوں کی قیادت کررہا ہے۔ جہاز کا عملہ 13 بھارتی اور تین سری لنکائی

شہریوں پر مشتمل تھا۔ اَب تک عملے کے دَس افراد کا پتہ لگایا جاچکا ہے، جن میں سے 9 زندہ پائے گئے اور ایک کی موت ہوگئی تھی۔ زندہ پائے گئے 9 لوگوں میں سے 8 بھارتی شہری جبکہ ایک سری لنکا کا شہری ہے۔ عملے کے بقیہ چھ ممبران کے لیے تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ بھارتی بحریہ نے بچاؤ کارروائیوں میں انتہائی اہم رول ادا کیا ہے۔ INS Teg کو پندرہ جولائی کو تلاش اور بچاؤ مشن میں مدد کیلئے ہدایات دی گئی تھیں۔ اِس جنگی جہاز نے 16 جولائی کی صبح تیل بردار ٹینکر کا پتہ لگالیا تھا۔ بھارت نے تلاش کارروائیوں میں مدد کیلئے لمبی پرواز بھرنے والے بوئنگ P-81 طیارے کو بھی تعینات کیا تھا۔

زندہ بچے لوگ ایک Life Raft پر تھے اور وہ جہاز کے ڈوبنے کے خطرے کے پیش نظر اُس پر آگئے تھے۔

تیل بردار جہاز کے اُلٹ جانے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے اور سمندر میں اونچی لہروں کی وجہ سے بچاؤ کارروائیاں مشکل سے انجام دی جارہی ہیں۔

INS TEG نے کل رات زندہ بچے 9 افراد اور ایک شخص کے جسد خاکی کو کنارے پر اُتار دیا تھا۔ اِس واقعے سے خطے میں بحری اشتراک کی اہمیت بھی اُجاگر ہوتی ہے۔

**IMD Rainfall Alert**

بھارتی موسمیات محکمہ نے آج جنوبی کرناٹک کے اندرونی حصوں، ساحلی کرناٹک، سوراشٹر اور کچھ اور کونکن اور گوا میں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اُس نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ، ماہے، ساحلی آندھراپردیش اور یانم میں بھی بہت شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمہ نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ، گجرات اور مشرقی راجستھان میں بھی بہت تیز بارش کا امکان ہے۔

**SC Judge**

جسٹس Nongmeikapam Kotiswar Singh اور جسٹس آر مہادیون نے آج سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے حلف لیا۔ بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے دونوں ججوں کو حلف دلایا۔ سپریم کورٹ کا جج بننے سے پہلے جسٹسNongmeikapam Kotiswar Singh جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس تھے۔ جبکہ جسٹس آر مہادیون مدراس ہائیکورٹ کے جج تھے۔x

**Chhattisgarh Maouist Attack**

چھتیس گڑھ میں کل دیر رات ماؤنوازوں کے ایک حملے میں خصوصی ٹاسک فورس کے دو جوانوں کی موت ہوگئی۔ اِس واقعے میں چار جوان زخمی بھی ہوئے ہیں۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق ماؤنوازوں نے خصوصی ٹاسک فورس کی ٹیم کو نشانہ بناکر IED دھماکہ اُس وقت کیا جب یہ ٹیم چھتیس گڑھ کے Bijapur اور سُکما ضلعوں کی سرحد پر ماؤنوازوں کیخلاف کارروائی انجام دے رہی تھی۔ زخمی جوانوں کو علاج کیلئے بذریعہ طیارہ لایا جارہا ہے۔x

**Biden Covid Positive**

امریکی صدر جوبائیڈن کو جانچ کے بعد کووڈ-19 سے متاثر پائے جانے کے بعد صدارتی چناؤ کی دوڑ سے باہر ہوجانے کے بڑھتے دباؤ کا سامنا ہے۔

ڈیموکریٹک پارٹی کے لیڈر اور کیلی فورنیا سے نمائندے Adam Schiff نے عوامی طور پر صدر بائیڈن سے صدارتی چناؤ کی دوڑ سے باہر ہوجانے کو کہا ہے۔ ڈیموکریٹک پارٹی نے نومبر میں ہونے والے صدارتی چناؤ کیلئے جناب بائیڈن کو اُن کے ریپبلکن پارٹی کے حریف ڈونلڈ ٹرمپ کے مدمقابل امیدوار بنایا ہے۔

**Belarus Visa Free**

بیلاروس کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ یورپ کے 35 ملکوں کے لیے بغیر ویزا کی پالیسی متعارف کرائے گی۔ یہ پالیسی کل سے نافذ العمل ہوجائے گی اور یہ اِس سال دسمبر کی 31 تاریخ تک نافذ رہے گی۔ یوروپی یونین اور برطانیہ کے شہریوں سمیت 35 ملکوں کے شہری ویزا کے بغیر ایک وقت میں 30دن تک بیلاروس میں قیام کر سکتے ہیں۔

بیلاروس کی حکومت نے کہا ہے کہ صدر Alexander Lukashenko نے یوروپ کے 35 ملکوں کے شہریوں کو ویزا کے بغیر سڑک اور ریل جانچ چوکیوں کے ذریعے بیلاروس میں عارضی طور پر داخل ہونے اور قیام کرنے کی اجازت دے دی ہے۔x

**UN GAZA**

بھارت نے اقوام متحدہ میں غزہ پٹی میں فوری طور پر مکمل جنگ بندی کی اپنی اپیل کو دہرایا ہے اور بغیر کسی شرط کے یرغمالیوں کی رہائی کیلئے کہا ہے۔ کل اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مغربی ایشیاء پر بحث کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے نائب نمائندے آر رویندر نے گزشتہ برسوں کے دوران مختلف شکلوں میں فلسطین کیلئے تقریباً 120 ملین امریکی ڈالر کی بھارت کی ترقیاتی امداد کو اُجاگر کیا ۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں امریکہ کی ایلچی Linda Thomas گرین فیلڈ نے کہا کہ سلامتی کونسل کے مطالبے کے تقریباً چار مہینے کے بعد غزہ میں فوری جنگ بندی کرنے سے متعلق بات چیت میں پیشرفت ہوئی ہے۔ اِسی دوران UNRWA کے سربراہ Philippe Lazzarini نے کہا کہ غزہ میں جنگی قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی گئی ہے اور پچھلے دَس دن کے دوران اِسرائیل کے حملے میں کم سے کم آٹھ اسکول کی عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔x

**Swedeish Open Tennis-Sumit**

سویڈش اوپن ٹینس میں، آج مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے Sumit Nagal کا مقابلہ ارجنٹینا کے Mariano Navone سے ہوگا۔ یہ میچ آج سہ پہر سویڈن میں Bastad Tennis اسٹیڈیم کے Centre Court میں کھیلا جائے گا۔ سُمت ناگل نے منگل کو سویڈن کے Elias Ymer کو چھ۔چار، چھ۔تین سے شکست دی تھی۔x

India Paris Olympics کھیلوں کی وزارت نے آئندہ پیرس اولمپکس کھیلوں کے لیے بھارتی دستے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ بھارتی کھلاڑیوں کے دستے میں 117 ایتھلیٹس اور ان کے ہمراہ 140 معاون عملہ اور حکام ہوں گے۔

پیرس اولمپکس مقابلے اِس ماہ کی 26 تاریخ سے اگلے ماہ کی گیارہ تاریخ تک جاری رہیں گے۔

بھارتی دستے میں ایتھلیٹکس کا سب سے بڑا گروپ ہوگا، جس میں 29 ایتھلیٹس ہوں گے وہیں تیر اندازی کے 21، اور ہاکی کے 19 کھلاڑی بھارتی دستے میں شامل ہوں گے۔

ٹیبل ٹینس کے 8 کھلاڑی جبکہ بیڈمنٹن کے 7 کھلاڑی دستے میں شامل کیے گئے ہیں۔

بیڈمنٹن میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی پی۔وی۔سندھو بھی دستے میں شامل ہوں گی۔x

**ICC T20 Rankings**

مردوں کے **ICC** ٹی۔ٹوینٹی میں کُل جاری کی گئی بلے بازوں کی درجہ بندی میں بھارت کے سوریہ کمار یادو نے اپنی دوسری پوزیشن برقرار رکھی ہے جبکہ **Yashasvi** جیسوال نے چھٹا مقام حاصل کیا ہے۔ **Ruturaj Gaikwad** کی بلے بازی میں درجہ بندی کے اعتبار سے بہتری آئی ہے، اور وہ آٹھویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔

بھارت کے کھلاڑیوں کو زمبابوے کے خلاف ٹی۔ٹوینٹی سیریز چار۔ایک سے جیتنے کے بعد درجہ بندی میں کافی بہتر پوزیشن حاصل ہوئی ہے۔

ٹی۔ٹوینٹی آل راؤنڈر درجہ بندی میں ہاردک پانڈیا چوٹی کے **10** کھلاڑیوں میں واحد بھارتی کھلاڑی ہیں۔ انھوں نے چھٹا مقام حاصل کیا ہے۔ سری لنکا کے **Wanindu Hasarnga** نے اپنا نمبر ایک مقام برقرار رکھا ہے۔

مردوں کی ٹیسٹ بلے بازی کی درجہ بندی میں کپتان روہت شرما نے چھٹا مقام حاصل کیا ہے، جبکہ سابق کپتان وراٹ کوہلی بھی **10** واں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔**x**